The Bank of Khyber

CUSTODIAN OF RICH VALUES

BOK/HO/CS/2025

March 06, 2025

**General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir

**THE BANK OF KHYBER – NOTICE OF 34th ANNUAL GENERAL MEETING**

As required under Rule No. 5.6.9 (b) of PSX Rule Book, enclosed please find the copy of Notice of 34th Annual General Meeting (AGM) of the Shareholders of the Bank of Khyber scheduled to be held on Friday, March 28, 2025 at 10:00 a.m. at the Bank of Khyber, Head Office, BOK Tower, Peshawar.

The above Notice of AGM will be published in English and Urdu languages in the newspapers of March 07, 2025 and we shall forward you clippings of the same.

You may please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Yours sincerely,

**Irfan Saleem Awan**
Company Secretary(A)

#BankofKhyber

# NOTICE OF THIRTY FOURTH ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that Thirty Fourth Annual General Meeting of the Shareholders of The Bank of Khyber (the Bank) will be held on Friday, March 28, 2025, at 10:00 a.m. at The Bank of Khyber Head Office, BOK Tower, 24 - The Mall, Peshawar Cantt. as well as through video link to transact the following business:

## Ordinary Business

1. To confirm the minutes of Extra Ordinary General Meeting held on May 31, 2024.
2. To receive, consider and adopt the Annual Audited Financial Statements of the Bank for the year ended December 31, 2024, together with the Directors' Report and Auditors' Reports thereon. Further, the shareholders will be briefed by highlighting the performance of the Bank and future endeavors.

   The Annual Report 2024 which includes Audited Financial Statements of the Bank for the year ended December 31, 2024 and related reports/ statements can be accessed through Bank's website at https://www.bok.com.pk/annual-financial-statement or through scanning the following QR enabled Code:

3. To appoint Auditors for the year ending December 31, 2025 and fix their remuneration. The Bank's auditors M/s. PwC A.F. Ferguson & Co., Chartered Accountants, retired and being eligible, offer themselves for re-appointment.
4. To consider, and if thought fit, approve as recommended by the Board of Directors, final Cash Dividend for the year 2024 @ Rupees 1.70 per share i.e. 17% to the shareholders of the Bank.

## Other Business

5. Any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board

**Irfan Saleem Awan**
Company Secretary

Peshawar: March 07, 2025

## NOTES:

(i) Share Transfer Books of the Bank will remain closed from March 21, 2025 to March 28, 2025 (both days inclusive). Transfer received at the Share Registrar of the Bank M/s. THK Associates (Pvt) Limited, Plot No. 32 - C, Jami Commercial Street 2, Phase VII, D.H.A, Karachi, by the close of business on March 20, 2025 will be treated in time for the purpose of above entitlement to the transferees and of attending the meeting.

### (ii) For Appointing Proxies:

a. All members are entitled to attend and vote at the meeting.
b. A member entitled to attend and vote at the meeting, entitled to appoint another member as a proxy to attend, speak and vote for him/her. The proxy appointed should be a member of the Bank of Khyber.
c. The instrument of proxy applicable for the meeting is being provided with the notice sent to the members. Further copies of the instrument of proxy, if required, may be obtained from the Registered Office of the Bank during normal office hours.
d. The instrument of proxy and a Power of Attorney or other authority (if any) under which it is signed, or notarized copy of such Power of Attorney must be valid and deposited at the Registered Office of the Bank not less than 48 hours before the time of the meeting.
e. Beneficial owners of the shares registered in the name of Central Depository Company of Pakistan (CDC) and/or their proxies are required to produce their original Computerized National Identity Card (CNIC) or passport for identification purpose at the time of attending the meeting. The form of the proxy must be submitted with the Bank within the stipulated time, duly witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers must be mentioned on the form, along with attested copies of the CNIC or the Passport of the beneficial owner and the proxy.
f. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with the proxy form of the Bank.
g. The proxy shall produce his / her original CNIC or passport for identification purposes at the time of attending the meeting.
h. Members are requested to immediately communicate changes in their registered addresses, if any, to the Bank's Shares Registrar before start of the book closure period.
i. Form of Proxy, if required, should be signed on Rs.10/- Revenue Stamp.

### (iii) Video Link Facility for Participation in Annual General Meeting

a) The Annual General Meeting is being conducted as per guidelines circulated by SECP following arrangements have also been made by the Bank to facilitate the maximum participation of the shareholders in the Annual General Meeting through video link facility, either in-person or through appointed proxies.
b) If the Bank receives request from members residing at a geographical location, to participate in the meeting through video link, are requested to please provide below information at Email: Irfan.saleem@bok.com.pk or kamran.tariq@bok.com.pk at the earliest but not later than close of business on March 25, 2025.

| Full name of shareholder/ proxy holder | Company | CNIC Number | Folio/CDC/ Account Number | Email ID | Mobile Number |
|---|---|---|---|---|---|
| | BOK | | | | |

c) Please note that video link and login credentials will be shared with only those members / designated proxies whose e-mail and other required information are received in required time as mentioned above.
d) Login facility will be opened thirty (30) minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after the identification process. Shareholders will be able to login and participate in the meeting proceedings through their devices after completing all the formalities required for the identification and verification of the shareholders.

## FOR SHAREHOLDERS' ATTENTION

### a) Transmission of Annual Report - 2024

SECP through its S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023, has allowed companies to circulate their annual balance sheet and profit & loss account, auditor's report and Directors' report etc. ("Audited Financial Statements") along with Notice of AGM ("Notice") to their shareholders through web link and QR Enabled Code by discontinuing the past practice of transmission of Audited Financial Statements through CD/DVDs/USBs.

In accordance with the Shareholders' approval accorded in 33rd Annual General Meeting of the Bank held on March 29, 2024, annual audited financial statements have been circulated through QR enabled code and web link to its members. However, the Bank would provide hard copies of the Annual Report to the shareholders on their demand at their registered addresses, free of cost, within one week of such request.

### b) Payment of Cash Dividend Electronically (e-Dividend) / Dividend Mandate

As per Companies Act, 2017 and Companies (Distribution of Dividends) Regulation 2017, any dividend payable in cash by a listed company shall ONLY be paid through electronic mode directly into the bank account of the entitled shareholder(s) which must be in their own name. In this regard, the Bank had already sent letters & Bank Mandate Forms to the shareholders and issued various notices through publication in newspapers requesting the shareholders to comply with the requirement of providing Bank Mandate urgently.

Under the provisions of the said laws, the Bank is required to withhold cash dividend payment of those shareholders whose dividend mandate information and/or CNIC detail is not available at the time of payment of cash dividend.

All the shareholders are hereby once again requested to provide the Bank Mandate details including International Bank Account Number (IBAN) immediately along with a copy of valid CNIC, if not provided earlier to their respective Participants / Brokers (if shares are held electronically) or to the Share Registrar (if shares are held in physical form) for credit of cash dividends directly into their designated bank accounts through electronic modes.

In case of non-provision of Bank Mandate & copy of valid CNIC, cash dividend(s) will be withheld according to SECP directives. For providing the Bank Mandate details to CDC / Share Registrar, the IBAN Form may be downloaded from the Bank's website under Investor Relations.

### c) Deduction of Withholding Tax

Please note that withholding tax will be deducted on the basis of latest "Active Taxpayers List" (ATL) available at FBR website as per following rates:

1. Persons appearing in ATL : 15%
2. Persons not appearing in ATL : 30%

Further, in respect of joint shareholders, tax will be deducted as per their respective ratio / share (if any) intimated by the shareholder to the Bank's Share Registrar, otherwise their shareholding will be treated as equal.

Valid Tax Exemption Certificate is required for claim of Exemption u/s 150 of the Income Tax Ordinance, 2001.

### d) Zakat Declaration

That pursuant to the Zakat and Ushr Ordinance, 1980 read with the Zakat (Collection and Refund) Rules, 1981, The Bank is required to deduct zakat from dividend(s) and to deposit the same with the relevant Authority.

To avail an exemption from said deduction, the shareholder(s) are advised to provide a duly executed declaration form i.e. CZ-50, with respect to faith and fiqh.

The Bank of Khyber, in any case, bears no legal responsibility / obligation or any financial liability whatsoever in this regard.

### e) Postal Ballot / E-voting

In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, Section 143 and 144 of the Companies Act 2017 and under Postal Ballot Regulation, 2018 latest amendments circulated through SRO dated December 05, 2022, SECP has directed all listed companies for the purpose of Polling on Special Business, be allowed to exercise their right to vote through postal ballot i.e. by post or e-voting, in the manner and subject to the conditions contained in the aforesaid regulations.

### f) Unclaimed / Unpaid Dividends and Share Certificates

Shareholders are once again requested that who have not yet received / collected their previous dividends / physical shares to contact our Share Registrar for the needful.

### g) Deposit / Conversion of Physical Shares into Book Entry Form

In accordance with Sub Section 2 of Section 72 of the Companies Act, 2017, Companies are required "to replace its physical shares with book entry form" in the manner specified by the Commission.

To enable compliance with the requirement, we request the shareholders to kindly convert shares held in Physical Form into Book Entry Form as soon as possible. The shareholders may contact a Broker, a PSX Member, CDC Participant or CDC Investor Account Service to obtain assistance for opening a CDS Account and subsequent induction of the physical shares into Book Entry Form.

For further information or clarification, please feel free to contact THK Associates (Pvt) Limited, Plot No. 32 - C, Jami Commercial Street 2, Phase VII, D.H.A, Karachi, on Tel # 021-35310191-6 or email at **sfc@thk.com.pk**

BOK

#BankofKhyber

# نوٹس برائے 34 واں سالانہ اجلاسِ عام

بینک آف خیبر (بینک) کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جا تا ہے کہ 34 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ مورخہ 28 مارچ 2025 دن 10:00 بجے بینک آف خیبر ہیڈ آفس، پی او کے ٹاور، 24۔ دی مال، پشاور کینٹ میں اور بذریعہ ویڈیو لنک بھی منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل کاروباری امور طے کیے جائیں گے:

## معمول کی کاروائی

1 31 مئی 2024 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کے منٹس کی توثیق۔

2 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونیوالے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، غور وعمل اور منظوری۔ علاوہ ازیں، شیئر ہولڈرز کو بینک کی کارکردگی اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جائے گی۔

31 دسمبر 2024 کو ختم ہونیوالے سال کیلئے بینک کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں پر مشتمل سالانہ رپورٹ 2024 اور متعلقہ رپورٹس / گوشوارے بینک کی ویب سائٹ https://www.bok.com.pk/annual-financial-statement پر یا درج ذیل QR کوڈ اسکین کرکے ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

3 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونیوالے سال کیلئے آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کا مشاہرہ مقرر کرنا۔

بینک کے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز PwC اے ایف فرگوسن اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

4 بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر بینک کے شیئر ہولڈرز کو سال 2024 کیلئے بحساب 1.70 روپے فی شیئر یعنی 17 فیصد حتمی کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر غور اور منظوری۔

## دیگر کاروائی

5 چیئرمین کی منظوری سے کوئی اور امور غور وخوض کیلئے پیش کیے جاسکتے ہیں۔

بحکم بورڈ
عرفان سلیم اعوان
کمپنی سیکریٹری

پشاور: 7 مارچ 2024

## نکات

(i) بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 21 مارچ 2025 سے 28 مارچ 2025 تک (دونوں دن شامل ہیں) بند رہیں گی۔
ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بمقام پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل سٹریٹ 2، فیز VII، ڈی ایچ اے، کراچی کے دفتر میں 20 مارچ 2025 دفتری اوقات کے اختتام تک اس حوالے سے موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو مذکورہ مقصد کیلئے بروقت تصور کیا جائیگا۔

### (ii) پراکسیز کی تقرری کیلئے:

الف۔ اجلاس میں حاضری اور ووٹ کیلئے تمام ممبرز اہل ہیں۔

ب۔ اجلاس میں حاضری اور ووٹ کا اہل ممبر اپنی بجائے اجلاس میں حاضری، ووٹ اور بولنے کیلئے کسی اور ممبر کو پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مقرر کردہ پراکسی کیلئے بینک آف خیبر کا ممبر ہونا بھی لازمی ہے۔

پ۔ اجلاس کیلئے پراکسی مقرر کرنے کی دستاویزات نوٹس کے ہمراہ ممبران کو ارسال کی جارہی ہیں۔ ضرورت پڑنے پر اس کی مزید کاپیاں معمول کے دفتری اوقات میں بینک کے رجسٹرڈ آفس میں دستیاب ہوں گی۔

ت۔ پراکسی کی دستاویزات اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویزات جس کے تحت دستخط کیے گئے یا نوٹری پبلک کے دستخط والی پاور آف اٹارنی اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس میں جمع ہونا لازمی ہے۔

ٹ۔ ایسے شیئر ہولڈرز جو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) کے نام پر رجسٹرڈ شیئرز کے بینیفیشل اونرز ہیں یا ان کے پراکسیز اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ شناختی مقصد کیلئے پیش کرنے کے پابند ہوں گے۔ پراکسی فارم مقررہ مدت کے اندر بینک میں جمع کرانا ضروری ہے، جو دو گواہوں کی طرف سے تصدیق شدہ ہو، جن کے نام، پتہ اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں، نیز بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے۔

ث۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد فرد کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے) پراکسی فارم کے ہمراہ فراہم کرنا ہوں گی۔

ج۔ پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

چ۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی سے متعلق ہمارے مذکورہ بالا شیئر رجسٹرار کو بک کی بندش کے دورانیہ کے آغاز سے پہلے مطلع کریں۔

ح۔ اگر ضرورت ہو تو پراکسی فارم 10 روپے کے ریونیو سٹیمپ پر دستخط کریں۔

### (iii) سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک کی سہولت

الف) سالانہ اجلاس عام سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق منعقد کیا جارہا ہے۔ بینک نے شیئر ہولڈرز کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لیے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی سہولت بھی فراہم کی ہے، خواہ وہ ذاتی طور پر اجلاس میں شریک ہوں یا اپنے مقرر کردہ پراکسی کے ذریعے۔

ب) اگر کسی مخصوص مقام پر رہائش پذیر ممبران بینک سے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے درخواست کریں، تو ان سے گزارش ہے کہ جلد از جلد درج ذیل معلومات 25 مارچ 2025 کو کاروباری اوقات کے اختتام سے قبل ان ای میل ایڈریسز پر فراہم کریں: Irfan.saleem@bok.com.pk یا kamran.tariq@bok.com.pk

| شیئر ہولڈر/ پراکسی کا مکمل نام | کمپنی | شناختی کارڈ نمبر | فولیو/ CDC / اکاؤنٹ نمبر | ای میل آئی ڈی | موبائل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | BOK | | | | |

پ) براہ کرم نوٹ کریں کہ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی معلومات صرف انہی ممبران/ نامزد پراکسیز کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میل اور دیگر مطلوبہ معلومات مقررہ مدت کے اندر موصول ہو چکی ہوں گی۔

ت) لاگ اِن کی سہولت اجلاس کے وقت سے 30 منٹ قبل کھولی جائے گی تا کہ شرکاء اپنی شناخت کے عمل کے بعد اجلاس میں شامل ہو سکیں۔ شیئر ہولڈرز اپنی شناخت اور تصدیقی عمل مکمل کرنے کے بعد اپنی ڈیوائسز کے ذریعے اجلاس کی کارروائی میں شامل ہو سکیں گے۔

## اطلاع برائے شیئر ہولڈرز

### الف) سالانہ رپورٹ 2024 کی ترسیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے 2023/(I) 389 S.R.O. بتاریخ 21 مارچ 2023 کے ذریعے کمپنیوں کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع ونقصان کا اکاؤنٹ ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ ("آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے") سالانہ اجلاس عام کے نوٹس ("نوٹس") کے ہمراہ ویب لنک اور QR کوڈ کے ذریعے فراہم کریں۔ اس فیصلے کے تحت آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی CD/DVDs/USBs کے ذریعے ترسیل کا پرانا طریقہ کار ختم کر دیا گیا ہے۔

33 ویں سالانہ اجلاس عام، منعقدہ 29 مارچ 2024 میں بینک کے شیئر ہولڈرز کی منظوری کے مطابق، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بینک کے ممبران کو فراہم کیے گئے ہیں۔ تاہم، بینک شیئر ہولڈرز کی درخواست پر سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ ایک ہفتے کے اندر فراہم کرے گا۔

### ب) کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ادائیگی (ای ڈیویڈنڈ)/ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ

کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشن 2017 کے مطابق، لسٹڈ کمپنی کی طرف سے کیش کی صورت میں قابل ادائیگی کوئی بھی ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کے بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائے گا جو ان کے اپنے نام پر ہونا چاہیے۔ اس سلسلے میں، بینک کی طرف سے پہلے ہی شیئر ہولڈرز کو لیٹرز اور بینک مینڈیٹ فارم ارسال کئے گئے اور اخبارات میں بذریعہ اشاعت مختلف نوٹس جاری کئے گئے جن میں شیئر ہولڈرز سے درخواست کی گئی کہ وہ فوری طور پر بینک مینڈیٹ کی فراہمی کی شرط کو پورا کریں۔

مذکورہ قوانین کی دفعات کے تحت بینک ان شیئر ہولڈرز کو کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کو روکنے کا پابند ہے جن کی ڈیویڈنڈ مینڈیٹ انفارمیشن اور/ یا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر کی تفصیلات کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے وقت دستیاب نہیں ہوگی۔

تمام شیئر ہولڈرز سے ایک مرتبہ پھر التماس کی جاتی ہے کہ وہ کیش ڈیویڈنڈ کو براہ راست ان کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں الیکٹرانک طریقے سے کریڈٹ کرنے کیلئے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بشمول انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) شناختی کارڈ کی مؤثر کاپی کے ہمراہ فوری طور پر فراہم کریں، اگر انہوں نے متعلقہ شرکت کنندہ/ بروکرز (شیئرز الیکٹرانک طور پر رکھنے کی صورت میں) یا شیئر رجسٹرار (شیئرز فزیکل شکل میں رکھنے کی صورت میں) پہلے فراہم نہیں کیے گئے ہیں۔

بینک مینڈیٹ اور شناختی کارڈ کی مؤثر کاپی فراہم نہ کرنے کی صورت میں، ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق کیش ڈیویڈنڈ کو روک لیا جائے گا۔ CDC /شیئر رجسٹرار کو بینک مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کرنے کیلئے، IBAN فارم بینک کی ویب سائٹ سے انوسٹر ریلیشنز کے تحت ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

### پ) ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

براہ کرم نوٹ کریں کہ ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی درج ذیل شرح کے مطابق ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب تازہ ترین "ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL)" کی بنیاد پر کی جائے گی۔

1۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل افراد کیلئے: 15 فیصد

2۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہ ہونے والے افراد کیلئے: 30 فیصد

مزید یہ کہ جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے سلسلے میں ان کے متعلقہ تناسب/شیئر (اگر کوئی ہے تو) کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی جس کے بارے میں شیئر ہولڈر نے بینک کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کیا ہے، بصورت دیگر ان کے شیئر ہولڈنگ کو مساوی سمجھا جائے گا۔
انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی شق 150 کے تحت استثنیٰ کے کلیم کیلئے درست استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ درکار ہوگا۔

### ت) زکوٰۃ ڈیکلیریشن

زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 اور زکوٰۃ (کلیکشن اور ریفنڈ) رولز 1981 کے تحت، بینک کو ڈیویڈنڈ سے زکوٰۃ کی کٹوتی کر کے متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کرانا ہے۔

اس کٹوتی سے استثنیٰ حاصل کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مذہب اور فقہ کے مطابق مکمل شدہ اور تصدیق شدہ ڈیکلیریشن فارم (CZ-50) بینک کو فراہم کریں۔
بینک آف خیبر پر اس حوالے سے کوئی قانونی ذمہ داری / مالی ادائیگی یا کسی اور قسم کی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی۔

### ٹ) پوسٹل بیلٹ/ ای ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 143 اور 144، اور پوسٹل بیلٹ ریگولیشن 2018 میں 5 دسمبر 2022 کو جاری کردہ ایس آر او کے تحت کی گئی تازہ ترین ترامیم کے مطابق، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو خصوصی کاروبار پر پولنگ کے مقصد کے لیے پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے کا اختیار دیا ہے، جس کا طریقہ کار اور شرائط مذکورہ ریگولیشنز میں بیان کی گئی ہیں۔

### ث) غیر دعویٰ شدہ/ غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈز اور شیئرز سرٹیفکیٹس

ایسے شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے سابقہ ڈیویڈنڈ/ فزیکل شیئرز وصول نہیں کئے، ان سے ایک بار پھر التماس کی جاتی ہے کہ وہ تفصیلات کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رجوع کریں۔

### ج) فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں ڈپازٹ/ تبدیلی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کی ذیلی شق 2 کے مطابق، کمپنیوں کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں کمیشن کی طرف سے بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق تبدیل کرنا ہوگی۔

شرائط وضوابط کی بجا آوری کیلئے ہم شیئر ہولڈرز سے درخواست کرتے ہیں کہ برائے مہربانی فزیکل فارم میں رکھے گئے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ CDS اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیلی کیلئے معاونت حاصل کرنے کیلئے شیئر ہولڈرز کسی بروکر، PSX ممبر، CDC پارٹنر یا CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

مزید معلومات یا وضاحت کے لیے براہ کرم میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل سٹریٹ 2، فیز VII، ڈی ایچ اے، کراچی سے فون نمبر 6-35310191-021 یا ای میل sfc@thk.com.pk پر رابطہ کریں۔